نیوز ریلیز

کیلگری میں اسکول گھر سے سیکھنے کی طرف منتقل ہوتے ہیں

14اپریل، 2021ء

البرٹا ایجوکیشن نے کیلگری کے پبلک اورکیتھولک اسکولوں کی طرف سے گریڈز 7 سے 12 کو عارضی طور پر گھر سے سیکھنے کی جانب منتقل کرنے کی درخواستیں منظورکر لی ہیں۔

کیلگری بورڈ آف ایجوکیشن اورکیلگری کیتھولک اسکول ڈسٹرکٹ میں گریڈ 7 سے 12 کے طلباء 19 اپریل سے دو ہفتوں کیلئے گھر سے سیکھنے کی طرف منتقل ہو جائیں گے۔

آپریشنل تحفظات کی وجہ سے گھر سے سیکھنے کیلئے اسکول بورڈ کی درخواست کی منظوری کے فیصلے چار معیارات پر مبنی ہیں:

- متبادل استاد کی دائمی کمی۔
- طلباء اور عملے کی ایک قابل ذکر تعداد قرنطینہ میں ہے یا انہوں نے خود کو الگ تھلگ رکھا ہوا ہے۔
- بورڈ کو حالیہ درخواستوں میں ان کے متعدد اسکولوں کیلئے قلیل مدتی شفٹوں کیلئے درخواستیں۔
- کمیونٹی میں کووِڈ-19 کے کیسز کی بڑی تعداد

"جبکہ سب کی ترجیح اسکول میں سیکھنا ہے، کچھ اسکول بورڈز کمیونٹی میں کووِڈ-19 کے بڑھتے ہوئے کیسز کی وجہ سے آپریشنل دباؤ سے نمٹ رہے ہیں۔ طلباء اور عملے کی حفاظت میری اولین ترجیح ہے، اسی وجہ سے میں بورڈ کی درخواستوں کا جواب دے رہی ہوں اور ان کی خود مختاری کا احترام کر رہی ہوں۔ اپنے واضح طریقہ کار کی موجودگی میں، ہم انہیں ضرورت کے وقت گھر سے سیکھنے کی طرف منتقل ہونے کی لچک فراہم کر رہے ہیں۔"

ایڈری آنا لاگرینج (Adriana LaGrange)، وزیرِ تعلیم

آپریشنل تحفظات کی بناء پر اسکول بورڈز عارضی طور پر پورے اسکول کو عارضی طور پر گھر سے سیکھنے کی درخواست کر سکتے ہیں اور صوبہ طلباء اور خاندانوں کی مدد کیلئے اسکول بورڈز کے ساتھ قریبی طور پر مِل کر کام کرنا جاری رکھتا ہے۔ اسکول کا کچھ حصہ منتقل کرنے کے فیصلے، جیسے کہ گریڈ 1، اسکول بورڈ کی صوابدید پر رہتا ہے۔ آج تک، البرٹا ہیلتھ کو صحت کی وجوہات کی بناء پر کسی بھی اسکول کے بند ہونے کی ضرورت محسوس نہیں ہوئی ہے۔

البرٹا کی حکومت خط منحنی کو موڑنے کیلئے، چھوٹے کاروباروں کو برقرار رکھنے اور البرٹا کی صحت کی نگہداشت کے نظام کی حفاظت کیلئے درست اقدامات کے ذریعے زندگیوں اور ذرائع معاش کا تحفظ کرتے ہوئے کووِڈ-19 وبائی مرض کا جواب دے رہی ہے۔

فوری حقائق

- پیر، 19 اپریل سے مؤثر ہے، کہ دو اسکول بورڈز کو گھر سے سیکھنے کیلئے عارضی طور منتقلی کی اجازت دی گئی ہے: کیلگری بورڈ آف ایجوکیشن اورکیلگری کیتھولک اسکولز ڈسٹرکٹ (بشمول ایئرڈری اور کوکرین کے اسکول)۔
- اسکول بورڈز منتقلی کے بارے میں تفصیلات کے ساتھ اپنے طلباء، والدین، اساتذہ اور عملے سے رابطے میں ہوں گے۔
- معذوری والے طلباء جنہیں خصوصی مدد کی ضرورت ہوتی ہے وہ اسکول میں ذاتی طور پر سیکھنے اور خدمات حاصل کرنے کو جاری رکھ سکتے ہیں، گھر پر سیکھنے کی جانب تبدیلی سے قطع نظر۔
- اس وقت البرٹا میں تقریباً 81 فیصد اسکولوں میں الرٹس یا پھیلاؤ نہیں ہیں۔

- اس وقت، آپریشنل تحفظات کی وجہ سے نو اسکول عارضی طور پر گھروں سے/آن لائن سیکھ رہے ہیں۔
- اسکولوں سے متعلق فعال کیسز کی تعداد طلباء اور عملہ کا تقریباً 0.3 فیصد ہے۔

متعلقہ معلومات

- کووِڈ-19 کے دوران K-12 کا سیکھنا
- K-12 اسکولوں کیلئے کووِڈ-19 کیلئے رہنمائی اور صحت کے اقدامات

میڈیا انکوائریز

نکول اسپیرو (Nicole Sparrow)
780-720-1915
پریس سیکریٹری، ایجوکیشن

مزید حکومتی ترجمہ شدہ وسائل کیلئے، براہِ کرم ملاحظہ کریں: https://www.alberta.ca/covid-19-translated-resources.aspx